سوال

(121) بصورت دیگر فصل ابھی بالکل تیار نہیں ہوئی الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بصورت دیگر فصل ابھی بالکل تیار نہیں ہوئی بعض اوقات شگوفہ ہی ہوتا ہے۔ اور بسا اوقات کچھ بھی نہیں غرض یہ کہ نادیدہ سودا ہوتا ہے۔ اور کیا یہ جائز ہے کہ ناجائز؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت کی ممانعت کیلئے جتنے الفاظ آئے ہیں۔ ان کے ساتھ لفظ کالمشورۃ بخاری شریف جلد اول مطبوعہ ہند ص 292 بھی آیا ہے۔ اس لفظ نے ساری حدیثوں کی تشریح کر دی ہے۔ کہ ممانعت بطور مشورہ کے ہے۔ حرمت شرعی کے طور پر نہیں۔ اس لیے یہ صورت جائز ہے۔ اللہ اعلم

(فتاوی ثنائیہ۔ جلد 2 ص 458)

توضیح؛۔

قولہ کلمشورۃ اس پر حضرت محشی کے قلم سے تشریح پہلے گزر چکی ہے۔ فافہم (سعیدی)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 109

محدث فتویٰ